اللغة الأردية | اردو زبان

## ضعْ اسمَ حيوانٍ أو طيرٍ في الفراغِ
خالی جگہوں پر کسی جانور یا پرندے کا نام رکھ کر پُر کریں

1 {وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تَذْبَحُوا (........)}

اور (حضرت) موسیٰ علیہ السلام نے جب اپنی قوم سے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ( ........ ) ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے

2 {فَالْتَقَمَهُ (........) وَهُوَ مُلِيمٌ}

تو پھر انہیں ( ......... ) نے نگل لیا اور وہ خود اپنے آپ کو ملامت کرنے لگ گئے

3 {وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى (.........) أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ}

آپ نے پرندوں کی دیکھ بھال کی اور فرمانے لگے یہ کیا بات ہے کہ میں (.........) کونہیں دیکھتا؟ کیا واقعی وہ غیر حاضر ہے؟

4 {فَبَعَثَ ٱللَّهُ (......) يَبْحَثُ فِي ٱلْأَرْضِ لِيُرِيَهُۥ كَيْفَ يُوَٰرِي سَوْءَةَ أَخِيهِ}

پھر اللہ تعالیٰ نے ایک (........) کو بھیجا جو زمین کھود رہا تھا تاکہ اسے دکھائے کہ وہ کس طرح اپنے بھائی کی نعش کو چھپا دے

5 {قَالَ إِنِّي لَيَحْزُنُنِي أَن تَذْهَبُوا بِهِ وَأَخَافُ أَن يَأْكُلَهُ (........) وَأَنتُمْ عَنْهُ غَافِلُونَ}

(یعقوب علیہ السلام نے) کہا اسے تمہارا لے جانا مجھے تو سخت صدمہ دے گا اور مجھے یہ بھی کھٹکا لگا رہے گا کہ تمہاری غفلت میں اسے (........) کھا جائے

6 {يَا أَيُّهَا (........) ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ}

اے (..........) اپنے اپنے گھروں میں گھس جاؤ، ایسا نہ ہو کہ بیخبری میں سلیمان اور اس کا لشکر تمہیں روند ڈالے

7 {إن هذا أَخِي لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ (.........) وَلِيَ (........) واحِدَةٌ}

یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس نناوے (.............) ہیں اور میرے پاس ایک ہی (.........) ہے

8 {فَمَثَلُهُۥ كَمَثَلِ (.......) إِن تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَث}

سو اس کی حالت (........ ) کی سی ہوگئی کہ اگر تو اس پر حملہ کرے تب بھی ہانپے یا اس کو چھوڑ دے تب بھی ہانپے

9 {أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ (.......)}

کیا تو نے نہ دیکھا کہ تیرے رب نے (..........) والوں کے ساتھ کیا کیا؟

10 {كَأَنَّهُمْ (........) مُسْتَنْفِرَةٌ * فَرَّتْ مِنْ (........)}

گویا کہ وہ بِدکے ہوئے (.........) ہیں، جو (.........) سے بھاگے ہوں

11 {فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ (.......) مُّبِينٌ}

پس آپ نے اپنا عصا ڈال دیا، سو دفعتاً وہ صاف ایک (........) بن گیا۔

12 {مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ (.......) يَحْمِلُ أَسْفَارًا}

جن لوگوں کو تورات پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا پھر انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا ان کی مثال اس (.........) کی سی ہے جو بہت سی کتابیں لادے ہو

13 {وَيَا قَوْمِ هَٰذِهِ (.......) اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ}

اور اے میری قوم والو! یہ اللہ کی بھیجی ہوئی (...........) ہے جو تمہارے لئے ایک معجزہ ہے اب تم اسے اللہ کی زمین میں کھاتی ہوئی چھوڑ دو اور اسے کسی طرح کی ایذا نہ پہنچاؤ

14 {وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى (.......) أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ}

آپ کے رب نے (...................) کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ پہاڑوں میں درختوں اور لوگوں کی بنائی ہوئی اونچی اونچی ٹٹیوں میں اپنے گھر (چھتے) بنا

15 {فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَ(.......) وَ(.......) وَ(.......) وَالدَّمَ آيَاتٍ مُّفَصَّلَاتٍ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا مُّجْرِمِينَ}

پھر ہم نے ان پر طوفان بھیجا اور (.......) اور (..........) اور (.........) اور خون، کہ یہ سب کھلے کھلے معجزے تھے سو وہ تکبر کرتے رہے اور وہ لوگ کچھ تھے ہی جرائم پیشہ۔

16 {مَثَلُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ كَمَثَلِ (.......) اتَّخَذَتْ بَيْتًا}

جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا اور کارساز مقرر کر رکھے ہیں ان کی مثال (........) کی سی ہے کہ وہ بھی ایک گھر بنا لیتی ہے

17 {فَلَمَّا عَتَوْا عَمَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا (.......) خَاسِئِينَ}

یعنی جب وہ، جس کام سے ان کو منع کیا گیا تھا اس میں حد سے نکل گئے تو ہم نے ان کو کہہ دیا تم ذلیل (........) بن جاؤ۔

هيا بنا نتعلم 2

18 {أَفَلا يَنْظُرُونَ إِلَى (......) كَيْفَ خُلِقَتْ}
کیا یہ (..........) کو نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح پیدا کیے گئے ہیں.

19 {خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ (.......) مُّنتَشِرٌ}
یہ جھکی آنکھوں قبروں سے اس طرح نکل کھڑے ہوں گے کہ گویا وہ پھیلا ہوا (..........) ہے.

20 {يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ (.......) الْمَبْثُوثِ}
جس دن انسان بکھرے ہوئے (...........) کی طرح ہو جائیں گے.

21 {مَنْ لَعَنَهُ اللَّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ (......) وَ(.......)}
وہ جس پر اللہ تعالیٰ نے لعنت کی اور اس پر وہ غصہ ہوا اور ان میں سے بعض کو (.........) اور (.........) بنا دیا

22 {فَرَاغَ إِلَىٰ أَهْلِهِ فَجَاءَ (......) سَمِينٍ}
پھر (چپ چاپ جلدی جلدی) اپنے گھر والوں کی طرف گئے اور ایک فربہ (..........) کا گوشت لائے

23 {فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ (.......) تَسْعَىٰ}
ڈالتے ہی وہ (..........) بن کر دوڑنے لگی

24 {ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ مِّنَ (......) اثْنَيْنِ وَمِنَ (......) اثْنَيْنِ}
(پیدا کیے) آٹھ نر و مادہ، یعنی (.........) میں دو قسم اور (.........) میں دو قسم

25 {إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَن يَضْرِبَ مَثَلًا مَّا (......) فَمَا فَوْقَهَا}
یقیناً اللہ تعالیٰ کسی مثال کے بیان کرنے سے نہیں شرماتا، خواہ (...........) کی ہو، یا اس سے بھی ہلکی چیز کی

26 {قَالُوا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَن جَاءَ بِهِ حِمْلُ (......) وَأَنَا بِهِ زَعِيمٌ}
جواب دیا کہ شاہی پیمانہ گم ہے جو اسے لے آئےاسے ایک (..........) کے بوجھ کا غلہ ملے گا۔ اس وعدے کا میں ضامن ہوں.

27 {إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ كَأَنَّهُ (.......) صُفْرٌ}
یقیناً دوزخ چنگاریاں پھینکتی ہے جو مثل محل کے ہیں، گویا کہ وہ زرد (..........) ہیں

28 {قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلَى(.......) وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرَى}
جواب دیا کہ یہ میری لاٹھی ہے، جس پر میں ٹیک لگاتا ہوں اور جس سے میں اپنی (..............) کے لئے پتے جھاڑ لیا کرتا ہوں اور بھی اس میں مجھے بہت سے فائدے ہیں.

29 {إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا (........) وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ}
اللہ کے سوا جن جن کو تم پکارتے رہے ہو وہ ایک (..........) بھی تو پیدا نہیں کر سکتے، گو سارے کے سارے ہی جمع ہو جائیں

30 {وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ (........) تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ}
تم ان کے مقابلے کے لئے اپنی طاقت بھر قوت کی تیاری کرو اور (............) کے تیار رکھنے کی کہ اس سے تم اللہ کے دشمنوں کو خوف زدہ رکھ سکو


MahadSunnah